10 جنوری 2019ء

مالی سال19ء کے پہلے چھ ماہ میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 10.7 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال19ء کے پہلے چھ ماہ (جولائی تا دسمبر) میں 10718.78 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جو اس میں 10 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتا ہے، جبکہ گذشتہ برس اسی مدت میں 9744.75 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

دسمبر 2018ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1690.18 ملین ڈالر رہی جو نومبر 2018ء کے مقابلے میں 5.07 فیصد زیادہ جبکہ دسمبر 2017ء کے مقابلے میں 1.93 فیصد کم ہے۔ بلحاظ ملک دسمبر 2018ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 414.84 ملین ڈالر، 341.58 ملین ڈالر، 262.83 ملین ڈالر، 247.06 ملین ڈالر، 171.56 ملین ڈالر، اور 45.62 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے، جبکہ دسمبر 2017ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 431.97 ملین ڈالر، 396.74 ملین ڈالر، 234.76 ملین ڈالر، 223.30 ملین ڈالر، 188.76 ملین ڈالر اور 54.87 ملین ڈالر تھیں۔ دسمبر 2018ء میں ملائشیا، ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 206.69 ملین ڈالر رہیں جبکہ دسمبر 2017ء میں ان ملکوں سے 193.17 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

******